**22/04/2025**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

**یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔ اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنیے۔**

***........ پہلگام میں سیاحوں پر دہشت گردانہ حملہ// وزیراعظم، وزیر داخلہ، ایل جی اور وزیر اعلیٰ نے کی مذمت۔**

***........قرہ**

---

**ارض کے عالمی دن کے سلسلے میں تقاریب کا انعقاد۔ ۃ**

***........ سرینگر جموں قومی شاہراہ کو قابل آمد ورفت بنانے کےلئے کوششیں جا ری۔**

**اور**

***........سیول سروسز امتحانات2024کے نتائج کا اعلان۔**

**<u>حملہ</u>**

**وادی کے مشہور سیاحتی مقام پہلگام میں آج ایک نا معلوم بندوق برداروں کے دہشت گردانہ حملے میں کئی سیاح اور مقامی افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق یہ واقع پہلگام کے بائیسرن جنگلاتی علاقے میں پیش آیا جہانسیاحوں کے ایک گروپ کو نشانہ بنایا گیا۔ زخمیوں کو علاج و معالجے کےلئے اسپتال میں بھرتی کرایا گیا ہے۔**

**واقعے کے فوراً بعد حفاظتی عملے نے علاقے کو محاصرے میں لے کر بڑے پیمانے پر تلاشی کی کاروائی عمل میں لائی۔**

## مذمت

اس حملے کی وسیع پیمانے پر مذمت کی جا رہی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سخت الفاظ میں اس حملے کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اسطرح کی حرکات کو ناقابل برداشت قرار دیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مو دی نے اس حملے کی مذمت کر تے ہوئے کہا ہے کہ قصور واروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوننے کہا کہ دہشت گردی کا سختی کے ساتھ مقابلہ کیا جائے گا۔

## وزیر داخلہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے پہلگام میں سیاحوں پر ہوئے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قصور واروں کو کسی بھی صورت میں نہیں بخشا جائے گا۔

وزیر داخلہ نے کہاکہ انہوننے واقعے کے بارے میں وزیراعظم نریندر مو دی کو جانکاری دی ہے اور متعلقہ حکام کے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ایک میٹنگ کی ہے۔ وزیر داخلہ آج سرینگر پہنچ کر تمام ایجنسیوں کی ایک سکیورٹی جائزہ میٹنگ لے رہے ہیں۔

حملے کی مذمت کرنے والے دیگر مرکزی لیڈروں میں وزیردفاع راجنا تھ سنگھ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکراور اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو شامل ہیں۔

## LGمذمت

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے پہلگام میں سیاحوں پرہوئے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کر تے ہوئے اسے ایک بزدلانہ حرکت قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اس حملے میں ملوث قصور واروں کو نہیں بخشا جائے گا۔

ایل جی نے کہاکہ انہوں نے ڈی جی پی اور سکیورٹی افسروں کے ساتھ بات کی اور حفاظتی عملے کی مزید ٹیمیں علاقے کی طرف روانہ کی گئی ہیں۔ منوج سنہا نے ضلع انتظامیہ اور صحت حکام کو ہدایت دی ہے کہ وہ زخمیوں کو فوری طبی امداد مہیا کرائے۔ ایل جی نے زخمیوں کی تیز تر صحت یا بی کےلئے دعا کی ۔

## CMمذمت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس حملے پر تشویش کا اظہار کر تے ہوئے کہا کہ اس وقعے کی جتنی مذمت کی جائے اتنی کم ہے۔

انہوں نے اس حملے کو بزدلانہ کاروائی اور انسانیت سوز قرار دیتے ہوئے زخمی افراد کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

**مذمتBJP**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی پہلگام میں سیاحوں پر ہوئے حملے کی مذمت کی ہے۔

بی جے پی جموںو کشمیر کے صدر ست شرما اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، بی جے پی تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول ، بی جے پی قومی جنرل ترن چگ اور کئی دیگر لیڈروں نے بھی پہگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

**ٹھاکر مذمت**

سینئر بی جے پی لیڈر اور جموںو کشمیر میں پارٹی کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے بھی پہلگام میں ہوئے حملے کی مذمت کر تے ہوئے کہا ہے کہ یہ حملہ صرف معصوم سیاحوں پر ہی حملہ نہیں ہے بلکہ یہ وادی کے اقتصادی منظر نامے پر بھی حملہ ہے۔

**انٹرو**

آج پوری دنیا میں
قرہ

---

ارض کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ آج کے دن ۂ
قرہ

---

ارض کو تحفظ دینے اور اسے مختلف آلائشیوں سے پاک رکھنے کےلئے لازمی اقدامات کو ۂ جس میں قابل Our Power-Our planet اُجاگر کیا جاتا ہے۔ اس سال ارتھ ڈے کا موضوع ہے تجدیدتوانائی کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

**عمر ارتھ**

ارتھ ڈے کے موقعے پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمیں
قرہ

---

ارض کو اپنا گھر سمجھ کر اسے تحفظ بخشنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرنا ۂ چاہئے۔

انہوں نے کہا کہ ہمارے چھوٹے چھوٹے مثبت کاموں سے زمین پر بڑے اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

**جتیندر سنگھ**

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ارتھ ڈے کے موقعے پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمیں اس سرزمین کی قدرتی خوبصورتی سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ کار بن کی مقدار کم کرنے کےلئے کام کرنا چاہئے۔

انہوں نے کہا کہ بہتر مستقبل کو یقینی بنانے کےلئے ہمیں متحد ہو کر کام کرنا چاہئے۔

**تقریب**

آ ج اس دن کی مناسبت سے یونیورسٹیوں ، کالجوں اور دیگر اداروں میں بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا، جن میں ماہرین عرضیات نے
قره

---

ارض کی قدرتی ہیت اور جاذبیت کو برقرار رکھنے کےلئے اختراعی اقدامات کرنے کی ضرورت غ
اُجاگر کی ۔

کشمیر یونیورسٹی میں اس دن کے سلسلے میں دو روزہ پروگرام کا آغاز ہوا۔ آج اپنا صدارتی خطبہ پیش کر تے ہوئے یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کہا کہ قدرتی وسائل کو تحفظ دینا وقت کی اہمیت ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیر پا مستقبل کو یقینی بنانے کےلئے ماحولیات کے سفیر کے طور پر کام کرناچاہئے۔

تقریب سے ڈیپارٹمنٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی جمونو کشمیر کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ آب وہوا کی تبدیلی پر قابو پانے کےلئے ماہرین کو مزید تندہی سے کام کرنا چاہئے۔

**IUST**

ارتھ ڈے کے سلسلے میں آج اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے علاوہ سکاسٹ کشمیر کے فیکلٹی آف ایگریکلچر واڈورہ سوپور مینڈویژن آف ایگریکلچر ایکسٹنشن اینڈ کمیونکیشن کی طرف سے پروگراموں کا انعقاد کیا گیا، جن میں کافی تعداد میں طلباءاور فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔ واڈورہ سکاسٹ میں منسٹری آف ارتھ سائنسز کے اہتمام سے اس تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

**شاہراہ بند**

سرینگر جموں قومی شاہراہ گاڑیوں کی آمد ورفت کےلئے آج لگاتار تیسرے روز بھی بند پڑی ہے اور شاہراہ کو قابل آمد ورفت بنانے کےلئے ہنگامی نوعیت پر کام جا ری ہے۔

نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا نے رام بن ضلعے میں مختلف مقامات پر شاہراہ سے ملبہ اور پتھر ہٹانے کےلئے خاصی تعداد میں مشینری اور افرادی قوت کو کام پر لگا دیا ہے۔

**عمر رام بن**

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج رام بن کا دورہ کرکے وہاں بحالیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت متاثرہ کنبوں کی باز آبادی کا ری کےلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی، تاہم پہلے شاہراہ کو ترجیحی بنیادوں پر گاڑیوں کی آواجائی کے قابل بنانے کی طرف توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔

ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا ۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**نتائج**

یونین پبلک سروس کمیشن کی طرف سے سیول سروسز امتحانات 2024کے حتمی نتائج کا اعلان کیا گیا ہے۔ کمیشن نے ایک ہزار9 امید واروں کی تقرری کی سفارشات پیش کی ہیں۔

کامیاب امید واروں میں725مرد اور 284 خواتین شامل ہیں۔ شکتی دھوبے نامی امیدوار نے ان امتحانات میں اول پوزیشن حاصل کی ہے۔

**انوراگ**

سینئر بی جے پی لیڈر اور ممبر پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا ہے کہ بھارت تیزی سے ترقی کرنے والا ملک ہے۔ سرینگر میں آج ایک تقریب کے حاشیے پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا ۔

**اطہر عامر**

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان کو کل سیول سروسز ڈے کے موقعے پر وزیر اعظم ایوارڈ آف ایکسلنس سے نوازا گیا۔ انہیں یہ ایوارڈ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران عطا کیا۔

آج آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے اطہرعامر خان نے اپنے جذبات کا یوں اظہار کیا۔

**سکیم**

**محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم کشمیر نے تمام رجسٹرڈ کاریگروں اور بنکروں سے اپیل کی ہے کہ وہ انکے بچوں کےلئے حکومت کی طرف سے 2022میں شروع کی گئی ایجوکیشنل اسسٹنس سکیم سے بھر پور استفادہ کریں۔ محکمے کے ڈائریکٹر مسرت الاسلام نے سکیم کے بارے میں بات کر تے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔**

**وحید جیلانی**

**وادی کے ایک معروف گلوکار ، موسیقار اور کشمیر میوزک کلب سرینگر کے چیرمین وحید جیلانی نے کشمیر کے روحانی ورثے کو موجودہ دور میں عوامی اور کلچرل پلیٹ فارموں پر صحیح ڈھنگ سے پیش نہ کرنے پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔**

**اسطرح کے پروگرام منعقد کرنے والوں سے کشمیرکی صوفی موسیقی کو موثر طریقے پر عوام کے سامنے لانے کی اپیل کر تے ہوئے انہوں کہا آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا ۔**

**عاقب کولگام**

**کولگام سے تعلق رکھنے والے قوت بینائی سے محروم عاقب رحمان نامی ایک نوجوان جو اس وقت لندن میں مقیم ہے، نے جسمانی طور سے خاص افراد کے حقوق کو تحفظ د ینے اور انہیں مختلف قسم کی سہولیات دستیاب کرانے کےلئے Inclusive Insights فاؤنڈیشن نامی ایک ادارہ قائم کیا ہے۔**

**لندن سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے فاؤنڈیشن کی اہمیت کے تعلق سے کہا۔**

**عمر تعزیت**

**نیشنل کانفرنس کے ایک سینئر لیڈر اور سابق ایم ایل سی غلام نبی شاہین آج صبح انتقال کر گئے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ان کے انتقال پر صدمے کا اظہارکرتے ہوئے ایک تعزیتی پیغام میں سوگوار کنبے کے ساتھ ہمدردی جتائی ہے۔**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ انکے مشیر ناصر اسلم وانی، کئی ارکان قانون سازیہ اور پارٹی کے دیگر لیڈروں نے انکی نماز جنازہ میں شرکت کی۔**

**فاروق عبداللہ**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے بھی مرحوم کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔**

انہوں نے ساتھ ہی رام بن کے متاثرین کی باز آبادی کاری کےلئے مرکز سے فوری امداد کی اپیل کر تے ہوئے مغل روڈ پر ٹنل تعمیر کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

**نائب وزیر اعلیٰ**

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ حکومت تعلیمی معیار کو بڑھاوا دینے نیز اساتذہ کے معاملات کو حل کرنے کی وعدہ بند ہے۔

جموں میں آج جمونو کشمیر ٹیچرس جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی طرف سے منعقد کئے گئے ایک روزہ کنونشن سے خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہاکہ اساتذہ کی صلاحیت کو بڑھاوا دینے کےلئے ورکشاپ اور تربیتی پروگرام منعقد کرانا ضروری ہے۔

**موسم**

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش ہونے امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22اعشاریہ6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر51 اور

غروب آفتاب شام7بجکر9منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت

..............................................